1 حکمت کا گیت۔ دعا جو داؤد نے کی جب وہ غار میں تھا۔

مَیں مدد کے لئے چیختا چلّاتا رب کو پکارتا ہوں، مَیں زوردار آواز سے رب سے التجا کرتا ہوں۔

2 مَیں اپنی آہ و زاری اُس کے سامنے اُنڈیل دیتا، اپنی تمام مصیبت اُس کے حضور پیش کرتا ہوں۔

3 جب میری روح میرے اندر نڈھال ہو جاتی ہے تو تُو ہی میری راہ جانتا ہے۔ جس راستے میں مَیں چلتا ہوں اُس میں لوگوں نے پھندا چھپایا ہے۔

4 مَیں دہنی طرف نظر ڈال کر دیکھتا ہوں، لیکن کوئی نہیں ہے جو میرا خیال کرے۔ مَیں بچ نہیں سکتا، کوئی نہیں ہے جو میری جان کی فکر کرے۔

5 اے رب، مَیں مدد کے لئے تجھے پکارتا ہوں۔ مَیں کہتا ہوں، ”تُو میری پناہ گاہ اور زندوں کے ملک میں میرا موروثی حصہ ہے۔“

6 میری چیخوں پر دھیان دے، کیونکہ مَیں بہت پست ہو گیا ہوں۔ مجھے اُن سے چھڑا جو میرا پیچھا کر رہے ہیں، کیونکہ مَیں اُن پر قابو نہیں پا سکتا۔

7 میری جان کو قید خانے سے نکال لا تاکہ تیرے نام کی ستائش کروں۔ جب تُو میرے ساتھ بھلائی کرے گا تو راست باز میرے ارد گرد جمع ہو جائیں گے۔ (زبور)

دعا

اے رب العالمین ہم تجھ کو پکارتے ہیں تا کہ تو ان سیکڑوں نائیجرین معصوم بچیوں کو جو اپنے گھروں سے، اور مدرسوں سے شقی القلب ور ظالم لوگوں نے اٹھالی ہیں تا کہ وہ ان کو بیچ سکیں اور ان کو اپنی لونڈیاں بنالیں اور ان کو تکلیف دیں نجات دے۔

اے ازلی ابدی خدا، اے ہر تنہا رہ جانے والے کے مونس ان کو اپنے گھروں کی طرف لوٹا دے اور ان قید میں بندھی ہوئی بچیوں کو ان کے قید خانے سے رہائی بخش ان پر حفاظت کی نظر رکھ اپنی اس آنکھ سے جو کبھی سوتی نہیں اور ان کی شکایت کو سن اور اپنی قوت اور عظمت ظاہر کر ان کو خوف سے امن میں لا، ان کو امید بخش، ان کی روح و بدن کو شفا بخش اور ان کو صحیح و سالم ان کے اہل میں لوٹا دے۔

اے مالک کائنات، اے رحیم دنیا سے خوف کو زائل کر دے، غلامی کو ختم کر دے، اور انسان کی تجارت کو ختم کر دے ، کمزوروں پر غلبے کو ختم کر دے۔ اور ہماری دنیا کو امن اور سلامتی سے بھر دے۔

تو ہی تو ہے جس نے بندے کو عقل سے نوازا ہے اور اے ہمارے رب بچیوں اور بچو اور عورتوں اور مردوں کی حفاظت فرما تا کہ علم اور معرفت کو پا سکیں اور دنیا کو سلامتی سے نواز اور امن عطا فرما تا کہ ہم اطمینان اور امن سے رہ سکیں اور شریروں کو رسوا کر اور زیادتیوں کو ابد تک کے لئے معدوم کر دے اے ہمارے خدا ہماری دعا قبول کر۔ (آمین)